Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Urdu)

IV - Semester Examination May - 2015

Paper XIII : Urdu Afsana

تیرھواں پرچہ : اردو افسانہ

Total Marks : 70 **Time : 3 hours**

حصہ الف

1. **تمام سوالات لازمی ہیں۔ صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔** 1x10=10

i) غلام عباس کے افسانے میں بلدیہ نے بستی کا پہلا نام کیا تجویز کیا تھا؟

(الف) آنندی (ب) حسن آباد (ج) زنانِ بازاری (د) حسینہ آباد

ii) ان میں سے کون سا مجموعہ پریم چند کا نہیں ہے؟

(الف) واردات (ب) آخری تحفہ (ج) نظارے (د) زادِ راہ

iii) منٹو کے کس افسانے کو ایک نئے تجربے سے موسوم کیا گیا ہے؟

(الف) ہتک (ب) ٹوبہ ٹیک سنگھ (ج) موذیل (د) پھندنے

iv) ''ہولی'' بیدی کے کس افسانے کا کردار ہے؟

(الف) اپنے دکھ مجھے دے دو (ب) کوکھ جلی (ج) گرہن (د) بھولا

v) کس تحریک نے ادب اور سماج کے رشتے کو اہمیت دی؟

(الف) ایہام گوئی کی تحریک (ب) اصلاح زبان کی تحریک (ج) ترقی پسند تحریک (د) رومانی تحریک

vi) ذیل کے افسانہ نگاروں میں کس نے شاعری بھی کی ہے؟

(الف) پریم چند (ب) قرۃ العین حیدر (ج) انتظار حسین (د) احمد ندیم قاسمی

vii) ''فکشن کی تنقید'' کے مصنف کا نام بتائیے؟

(الف) عابد سہیل (ب) وقار عظیم (ج) نورالحسن نقوی (د) فرمان فتح پوری

viii) کس افسانہ نگار نے ''دیکھ کبیرا رویا'' کے عنوان سے خاکہ لکھا ہے؟

(الف) رشید جہاں (ب) قرۃ العین حیدر (ج) بانو قدسیہ (د) خدیجہ مستور

ix) کرشن چندر کے پہلے افسانوی مجموعے کا نام کیا ہے؟

(الف) زندگی کے موڑ پر (ب) طلسمِ خیال (ج) سمندر دور ہے (د) ان داتا

x) کس نے افسانہ ''آخری کوشش'' کو پریم چند کے افسانہ کفن کی ترقی یافتہ شکل سے تعبیر کیا ہے؟

(الف) آل احمد سرور (ب) صالحہ عابد حسین (ج) عتیق اللہ (د) خلیل الرحمٰن اعظمی

P.T.O.

حصہ ب

پانچ سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر جواب کم سے کم دوسو الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔ 5 x 6 = 30

1۔ کفن کی فنی وادبی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

2۔ ''اچھوت'' کے حوالے سے اعظم کریوی کے سماجی شعور کی وضاحت کیجیے۔

3۔ عصمت کے افسانوں کی انفرادیت کیا ہے؟ مثالوں سے واضح کیجیے۔

4۔ افسانے کے ارتقائی مراحل میں ''نظارہ درمیاں ہے'' کی اہمیت ومعنویت پر روشنی ڈالیے۔

5۔ عزیز احمد کی افسانہ نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔

6۔ لاجونتی یا نیم پلیٹ کا خلاصہ اپنی زبان میں بیان کیجیے۔

7۔ ''حقیقت نگاری منٹو کے افسانے کا اہم جزو ہے''۔ واضح کیجیے۔

8۔ حسب ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے۔

(الف) اصلاح پسندی (ب) رومانیت (ج) جادوئی حقیقت نگاری (د) نفسیاتی حقیقت نگاری

حصہ (ج)

دوسوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر جواب کم سے کم ایک ہزار الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔ 2 x 15 = 30

10۔ عہد حاضر میں افسانے کی صورتحال پر ایک مضمون قلم بند کیجیے۔

11۔ ''آخری آدمی'' کے اہم کرداروں پر روشنی ڈالیے۔

12۔ ''جدیدیت' ترقی پسندی کی توسیع ہے یا ردِ عمل''۔ مثالوں کے ساتھ اپنی رائے پیش کیجیے۔

13۔ ''آنندی'' کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجیے۔

☆☆☆